NOTIFICATION OF TESTING - Social and Emotional Learning (SEL) Screener

SEL اسکرینر میں شرکت سماجی اور جذباتی تعلیمی اسکریننگ: FCPS نے تمام طلبا و طالبات کی ذہنی صحت برقراررکھنے اور سماجی و جذباتی تعلیم حاصل کرنے میں اعانت کرنے کا عزم کررکھا ہے ۔ FCPS نے سماجی و جذباتی تعلیم کے (SEL) اسکرینر کو منظور کیا ہے جسے طالبعلم اپنا نقطہ ہائے نظر بیان کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں کہ ان کا اسکول اور کمیونٹی انہیں کامیابی میں درکار مہارتیں سیکھنے میں کتنا اچھے طریقے سے مدد کررہے ہیں ۔ ان مہارتوں میں اہداف کا حصول ، جذبات کی سمجھ بُوجھ اور ان پر قابو پانا ، بالغ افراد اور ساتھیوں کیساتھ تعلقات بنانا اور قائم رکھنا اور ذمہ دارانہ فیصلے کرنا شامل ہیں ۔ طالبعلم یہ بھی بتاتے ہیں کہ ان کے اسکول اور کمیونٹی انہیں قابل قدر گردانتے ، شمولیت اختیار کرنے اور معاونت کرنے میں کتنا کامیاب ہیں ۔ یہ عوامل مثبت تعلیمی ، سماجی ، اور جذباتی کامیابی کیلئے ، اہم ہیں ۔ 3-12 گریڈ میں تمام طالبعلموں کیلئے سال میں دو مرتبہ موسم خزاں اور بہار میں اسکرینر میں شریک ہونے کا موقع ہے ۔

SEL اسکرینر یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے طالبعلموں کی آواز اُٹھائی جائے تاکہ ان کے نقطہ ہائے نظر پر فیصلہ سازی میں غور کیا جائے ۔ اسکرینر کے اعدادوشمار کو ڈویژن ، اسکولوں اور انفرادی طور پر طالبعلموں کی پروگرامنگ کی منصوبہ بندی کیلئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ ڈویژن اور اسکول کی سطح کے نتائج کو ، جن میں کسی ایک فرد طالبعلم کی معلومات شامل نہیں ہوتیں ، عملہ SEL اور ذہنی صحت کے طور طریقوں کو بہتر بنانے اور اسٹریٹیجک پلانز کو آگاہ کرنے کیلئے استعمال کرسکتا ہے ۔ ڈویژن اور اسکول کی سطح کے نتائج ، ہمارے طالبعلم ادارے کی ضروریات اور اشتراک کار کی خدمات فراہم کرنے والے مواقع بیان کرنے کیلئے کمیونٹی کے ساتھ بھی شیئر کئے جاسکتے ہیں ۔

کسی ایک طالبعلم کے اسکرینر کے اعدادوشمار صرف اساتذہ ، منتظمین اور اس عملے کودستیاب ہوں گے جو بجا طور پراس میں تعلیمی دلچسپی رکھتے ہیں ۔ نتائج محفوظ فائلوں میں رکھے جائیں گے اور ڈیٹا بیس تک صرف ان افراد کو رسائی حاصل ہو گی ۔ گھرانوں کے اشتراک سے ، عملہ ان اعدادوشمار کا دیگر معلومات کے ساتھ جائزہ لیتا ہے تاکہ شناخت کردہ ضروریات کے حامل طالبعلموں کی اصلاحات کی منصوبہ بندی کی جائے ۔ والدین اور سرپرست اسیسمنٹ کے ہر دورانیہ کے بعد ، اپنے بچے کے اسکرینر نتائج سے متعلق ، ایک انفرادی رپورٹ موصول کریں گے ۔ اسکول کا عملہ گھرانوں کے ساتھ نتائج پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے موجود ہے ۔

آپ ذیل میں دیئے گئے فارم کو پُر کرکے SEL اسکرینر میں شرکت سے اپنے بچے کو علیحدہ رکھ سکتے ہیں ۔ اس علیحدگی کا اطلاق موجودہ تعلیمی سال پر ہوتا ہے اور اسے ہر سال مکمل کیا جانا چاہیئے ۔ SEL اسکرینر اور اس کے مواد تک رسائی کے متعلق مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کیجیئے -https://www.fcps.edu/student-tests-and-assessments/student-assessment-details/social-emotional-screener

---

SEL اسکرینر سے علیحدگی کا فارم : یہ فارم صرف اُس صورت میں مکمل کر کے (**اسکول کے دفتر یا اپنے بچے کے استاد کو اسکول کے دوسرے تعلیمی ہفتے تک**) واپس بھیجیئے اگر آپ **نہیں** چاہتے کہ آپ کا بچہ SEL اسکرینر میں شرکت کرے ۔ براہ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ یہ علحیدگی صرف اسکرینر میں شرکت سے متعلق ہے ۔

میں درخواست کرتا / کرتی ہوں کہ میرا بچہ ____، جو کہ گریڈ ______ میں ہے رواں تعلیمی سال کے دوران SEL اسکرینر میں شرکت **نہ** کرے: میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ مجھے opt-out اسٹیٹس کسی بھی وقت Parent Digital Consent System کے ذریعہ تبدیل کرنے کا اختیار حاصل ہے یا میں رواں تعلیمی سال میں اسکول میں درخواست جمع کراسکتا / سکتی ہوں ۔

والدین یا سرپرست کےدستخط: ____ تاریخ: ________________

طالبعلم/ طالبہ کا نام: ____ (جلی حروف میں لکھیئے)

طالبعلم کا آئی ڈی نمبر: ____

طالبعلم کا اسکول: ____ (جلی حروف میں لکھیئے)

For a translation of this document, please visit the webpage at https://www.fcps.edu/registration/opt-out-forms or contact your student's school.

لغرض الأطلاع على ترجمة هذه الوثيقة، يرجى زيارة الموقع الألكتروني https://www.fcps.edu/registration/opt-out-forms أو الأتصال بمدرسة الطالب.

如果您需要本文件的翻译文本，请访问网页 https://www.fcps.edu/registration/opt-out-forms **或**联系您的学生所在学校。

مراجعه کنید و یا با مدرسه دانش آموز خود تماس بگیرید. https://www.fcps.edu/registration/opt-out-forms برای دسترسی به ترجمه این سند ، لطفاً به وب سایت

이 문서의 번역은 웹페이지, https://www.fcps.edu/registration/opt-out-forms 를 방문하거나 자녀의 학교에 문의하시기 바랍니다.

Para obtener la traducción de este documento, sírvanse ir a la página web https://www.fcps.edu/registration/opt-out-forms o contactar a la escuela de su hijo(a).

اس دستاویز کے ترجمے کیلئے، براہ مہربانی ویب پیج forms-https://www.fcps.edu/registration/opt-out پر تشریف لے جائیے یا اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کیجیئے ۔

Để có bản dịch của tài liệu này, xin vui lòng truy cập trang mạng tại https://www.fcps.edu/registration/opt-out-forms hoặc liên lạc với trường của con em quý vị.